# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: نثری اصناف I (9007) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1- کیا باغ و بہار دہلوی تہذیب کی نمائندہ داستان ہے؟ تفصیل سے جواب تحریر کریں۔ (20)

سوال 2- 'توبتہ النصوح' ایک اصلاحی ناول ہے۔ اس بیان کی وضاحت تفصیل سے کریں۔ (20)

سوال 3- اردو ناول کے ارتقا پر سیر حاصل بات کریں۔ (20)

سوال 4- 'امراؤ جان ادا' کس طرح لکھنوی تہذیب کا نمائندہ قرار دیا جا سکتا ہے؟ (20)

سوال 5- پلاٹ سے کیا مراد ہے؟ 'چاندنی بیگم' کے پلاٹ کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال 1- 'کوارنٹین' کا خلاصہ تحریر کریں نیز اس افسانے کی موجودہ دور میں اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال 2- مندرجہ ذیل افسانوں کا تجزیاتی مطالعہ پیش کریں۔ (20)

1- کفن دفن (احمد ندیم قاسمی) 2- چیزیں اپنے تعلق سے پہچانی جاتی ہیں (منشا یاد)

سوال 3- نیر مسعود اور خالدہ حسین کے فن پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 4- اردو ڈرامے کی روایت بیان کریں، نیز شامل نصاب ڈراموں میں سے کسی ایک کا فکری جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال 5- ''مضمون'' اور انشائیے کی خصوصیات قلم بند کریں نیز خواجہ حسن نظامی کے اسلوب کی نمایاں صفات قلم بند کریں۔ (20)